12591-کفارہ ادا کرنے کا طریقہ

سوال

رمضان المبارک میں روزہ نہ چھوڑنے والے کا فدیہ وکفارہ ہر دن دینا ہوگا یا کہ رمضان االمبارک گزرنے کے بعد ایک بار ہی سب ایام کا ادا کرسکتا ہے ؟

پسندیدہ جواب

جو کوئی رمضان المبارک کے روزے کسی دائمی عذر کی بنا پر نہیں رکھتا یعنی وہ عذر ختم ہونے کی امید نہیں ہے مثلا بوڑھا ہونا وغیرہ ، تو اس حالت میں اسے ہر دن کے بدلے میں ایک مسکین کو کھانا کھلانا ہوگا ، اور اسے اس میں اختیار حاصل ہے چاہے تو وہ روزانہ کھلاتا جائے یا پھر رمضان کے ختم ہونے کا انتظار کرے اور اس کے بعد ایام کی تعداد کے مطابق مساکین کو کھانا کھلادے ۔

شیخ ابن عثیمین رحمہ اللہ تعالی کا کہنا ہے :

اور اس کا وقت – یعنی کھانا کھلانے کا وقت – اس کے اختیار کے مطابق ہے چاہے تو وہ ہر روز ساتھ ساتھ ہی فدیہ ادا کرتا جائے ، اور اگر چاہے تو اسے مہینہ کے آخر تک موخر کرسکتا ہے کیونکہ انس رضی اللہ تعالی نے بھی ایسے ہی کیا تھا ۔ اھ دیکھیں شرح الممتع (335/6) ۔

واللہ اعلم .